امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

خلاصۂ درس: ۱۴

۴۔ معرفہ ہونا(علمیت)

اسباب منع صرف میں سے ایک معرفہ ہونا ہے:

- معرفہ کی متعدد قسمیں ہیں جیسے معرّف بہ ألْ، ضمیر، اسم اشارہ وغیرہ، لیکن ان میں سے صرف عَلَمُ(یعنی نام) ہے جو سبب منع صَرف ہے۔
- معرفہ وصف کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا۔ اس کے سوا دوسرے کسی بھی سبب کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے۔

[وصف کے ساتھ جمع نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ عَلَمُ ایک خاص شئ یا شخص کا نام ہوتا ہے جبکہ وصف ایک عام صفت پر دلالت کرتا ہے جو کسی پر بھی منطبق ہو سکتی ہے]

۵۔ عجمی ہونا

- [یعنی غیر عربی کلمہ اگر عربی میں استعمال ہو تو عجمی کہلاتا ہے۔]
- عجمہ کے غیر منصرف ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ عجمیت کے اندر علم ہو اور تین حرف سے زیادہ ہو جیسے إبْرَاهِيْمُ، إسْمَاعِيْلُ اور اگر سہ حرفی ہو تو متحرک الوسط ہونا چاہئے جیسے شَتَر، سَقَر وغیرہ۔
- اب جس عجمی لفظ میں یہ شرطیں نہ پائی جائیں وہ منصرف ہوگا، جیسے: لِجَامٌ (یعنی لگام)، نُوْحٌ اور لُوْطٌ وغیرہ۔

۶۔ جمع ہونا

منع صرف کے اسباب میں سے ایک جمع ہونا ہے۔

یہاں پر جمع سے مراد منتہیٰ الجموع ہے یعنی ایسی جمع جس کی پھر جمع نہیں بنائی جاسکتی۔

اس کے دو معروف وزن ہیں: مفاعل جیسے مَسَاجِدُ اور مفاعيل جیسے مَصَابِيْحُ۔

ImamSadiq.tv